جلد ۵۲/۱۷ | ۲۲ نبوت ۱۳۴۲ ہش ۔ ۵ رجب ۱۳۸۳ھ ۔ ۲۲ نومبر ۱۹۶۳ء | نمبر ۲۷۳

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے متعلق تازہ اطلاع

محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب

ربوہ ۲۱ نومبر بوقت ۸ بجے صبح

حضور کی طبیعت دن بھر اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہتر رہی رات نیند آگئی ۔ اس وقت بھی طبیعت بفضلہ تعالیٰ اچھی ہے

احباب جماعت خاص توجہ اور التزام سے دعائیں کرتے رہیں کہ مولیٰ کریم اپنے فضل سے حضور کو صحتِ کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔

آمین اللّٰھم آمین

ارشادات عالیہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام

جو لوگ لااُبالی کی زندگی بسر کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کی طرف سے بے پرواہ ہو جاتا ہے

نشاط خدا تعالیٰ کا رزق ہے یہ اسی کو ملتا ہے جو اس سے تعلق قائم کرتا ہے

"حدیث شریف اور قرآن مجید سے ثابت ہے اور ایسا ہی پہلی کتابوں سے بھی پایا جاتا ہے کہ والدین کی بدکاریاں بچوں پر بھی بعض وقت آفت لاتی ہیں ۔ اسی کی طرف اشارہ ہے ولا یخاف عقبٰھا جو لوگ لااُبالی زندگی بسر کرتے ہیں ۔ اللہ تعالیٰ ان کی طرف سے بے پروا ہو جاتا ہے ۔ دیکھو دنیا میں جو اپنے آقا کو چند روز سلام نہ کرے تو اس کی نظر بگڑ جاتی ہے تو جو خدا سے قطع کرے پھر خدا اس کی پروا کیوں کرے گا ۔ اسی پر وہ فرماتا ہے کہ وہ ان کو ہلاک کرکے ان کی اولاد کی بھی پروا نہیں کرتا ۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو متقی صالح مر جاوے اس کی اولاد کی پرورش کرتا ہے ۔ جیسا کہ اس آیت سے بھی پتہ لگتا ہے ۔ وکان ابوھما صالحاً اس باپ کی نیکی اور صلاحیت کیلئے خضر اور موسیٰ جیسے اولو العزم پیغمبر کو مزدور بنا دیا کہ وہ ان کی دیوار درست کر دیں ۔ اس سے معلوم ہو سکتا ہے کہ اس شخص کا کیا درجہ ہوگا ۔ خدا تعالیٰ نے لڑکوں کا ذکر نہیں کیا چونکہ ستّار ہے ۔ اس لئے پردہ پوشی کے لحاظ سے اور باپ کے محل مدح میں ذکر ہونے کی وجہ سے کوئی ذکر نہیں کیا۔

پہلی کتابوں میں بھی اس قسم کا مضمون آیا ہے کہ سات پشت تک رعایت رکھتا ہوں ۔ حضرت داؤد علیہ السلام فرماتے ہیں کہ میں نے کبھی متقی کی اولاد کو ٹکڑے مانگتے نہیں دیکھا ۔ غرض نشاط خدا کا رزق ہے جو غیر کو نہیں ملتا۔"

(الحکم ۲۴ اگست ۱۹۰۲ء)

حضرت سیدہ اُم وسیم احمد صاحبہ کی علالت

ربوہ ۲۱ نومبر ۔ حضرت سیدہ اُم وسیم احمد صاحبہ بخار، کھانسی اور سانس کی تکلیف کی وجہ سے بہت بیمار ہیں ۔ احباب جماعت توجہ اور التزام سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ حضرت سیدہ موصوفہ کو اپنے فضل سے شفائے کامل و عاجل عطا فرمائے ۔ آمین

سیکرٹریان تحریک جدید توجہ فرمائیں

الفضل اور دفتری تحریکات سے احباب جماعت کو تحریک جدید کے نئے سال کے آغاز کا علم ہو گیا ہوگا ۔ لیکن ابھی تک بعض جماعتوں میں کوئی حرکت دیکھنے میں نہیں آئی ۔ سیکرٹریان تحریک جدید اپنے اپنے حلقہ کا جائزہ لیں ۔ اور جلد از جلد مرکز کو احباب جماعت کی مالی قربانیوں سے آگاہ فرمائیں ۔ امسال مجالس خدام الاحمدیہ نے خاص طور پر تعاون کرنے کا عزم کیا ہے ۔ خدام سے پورا پورا تعاون حاصل کیا جاوے اور جس قدر جلد ہو سکے گزشتہ سال کی نسبت نمایاں اضافہ کے ساتھ وعدے مرکز میں بھجوا دیئے جائیں ۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

عہدہ داران مجالس سے

مجلس انصار اللہ کا مالی سال ۳۱ دسمبر کو ختم ہو رہا ہے ۔ ابھی کئی ایک مجالس ایسی ہیں جنہوں نے اپنا بجٹ پورا نہیں کیا ۔ وقت بہت تھوڑا رہ گیا ہے ۔ مجالس کے عہدہ داران کی فوری توجہ کی ضرورت ہے ۔ وہ ہر ایسے رکن کے پاس جس کے ذمہ بقایا ہو خود پہنچیں اور رقوم وصول کرکے مرکز میں بھجوا دیں ۔ ایک ماہ کے قریب عرصہ باقی ہے ۔ اس میں ہر قسم کے بقائے وصول ہو جانے ضروری ہیں جزاکم اللہ

(قائد مال انصار اللہ مرکزیہ ربوہ)

حج پر جانے والے احباب متوجہ ہوں

امسال جو احباب حج پر جا رہے ہوں وہ اپنے نام اور پتہ جات سے از راہ کرم دفتر صدر صدر انجمن احمدیہ ربوہ کو بھی مطلع فرمائیں

(معتمد صدر صدر انجمن احمدیہ ربوہ)

مسعود احمد پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل دار الرحمت غربی ربوہ سے شائع کیا

روزنامہ الفضل ربوہ
مورخہ ۲۲ - نومبر ۱۹۶۳ء

دنیا کو تباہی کا خطرہ اور اس کا علاج

گذشتہ دو تباہ کن عالمگیر جنگوں نے تمام دنیا کے انسانوں میں سخت اضطراب پیدا کر رکھا ہے ان دونوں جنگوں میں دنیا پر اس قدر تباہی آئی ہے اور اس قدر ضیاع ہوا ہے کہ اب وہ مغربی اقوام بھی جو دوسروں پر ہجوم کئے ہوئے ہیں چاہتی ہیں کہ کوئی ایسا نسخہ ہاتھ آجائے جس سے دنیا میں آئندہ کے لئے جنگ کا خاتمہ ہو جائے۔

اس وقت دنیا اقوام کے لحاظ سے دو بلاکوں میں تقسیم ہے۔ ایک امریکی یورپی اور دوسرا روسی چینی۔ دونوں بلاکوں میں مختلف نظریات حیات کا افتراق ہے امریکی یورپی بلاک کا دعویٰ ہے کہ ڈیموکریسی ہی بہترین طرز حکومت ہے۔ ڈیموکریسی کا مطلب یہ ہے کہ ایک ملک کے تمام باشندے یکساں بنیادی حقوق رکھتے ہیں اور جو حکومت قائم ہو وہ عوام کی مرضی سے عوام کے مفاد اور عوام کے ذریعہ قائم ہو۔ ہر فرد قوم کو ذرائع پیداوار پر یکساں طور پر اختیار ہے اور وہ اپنی محنت اور کوشش سے جتنی دولت چاہے کما سکتا ہے اور اس طرح دولت پر انفرادی ملکیت جائز ہے۔ ایک آدمی محنت اور جانفشانی سے بڑے سے بڑا صنعتی کارخانہ چلا سکتا ہے اور زیادہ سے زیادہ اراضی کا مالک بن سکتا ہے۔ اگرچہ مفاد عام کے لئے ٹیکس وغیرہ کی صورت میں ملکیت پر پابندیاں عائد کی جا سکتی ہیں تاہم ہر شخص اپنی ملکیت کے ہر طرح کے استعمال کا اختیار رکھتا ہے جس طرح چاہے اس کا انتظام کرے۔ بیچ ڈالے یا ضائع کرے یا مفت دیدے اس کو ہر قسم کا اختیار ہے۔

اس نظریہ میں جہاں آزادی کا تصور بنیادی طور پر کام کرتا ہوا نظر آتا ہے وہاں بہت سی ایسی خرابیاں بھی مضمر ہیں جن کی وجہ سے ڈیموکریٹک ممالک میں محنت کشوں اور مالکوں میں سخت تنازعات پیدا ہوتے ہیں۔ ایک شخص یا ایک گروہ جو ذرائع پیداوار پر متصرف ہو جاتا ہے وہ تو ہر طرح کے آرام و راحت کے سامان حاصل کر سکتا ہے لیکن مقابلہ میں عوام کی ایک کثیر تعداد ان سامانوں سے محروم رہتی ہے۔ حالانکہ اس دولت کے کمانے میں ان کا زیادہ حصہ ہوتا ہے۔

اس تفاوت کی وجہ سے شروع ہی میں ایسے لوگ پیدا ہوتے رہے ہیں جنہوں نے کسی نہ کسی حد تک ایسے خیالات کا اظہار کیا ہے کہ تمام بنی نوع انسان کو یکساں طور پر زندگی کی سہولتیں ملنی چاہئیں۔ اور ذرائع پیداوار کا ایسا نظام قائم کیا جائے کہ ہر انسان اپنی ضروریات کے مطابق سامان زندگی حاصل کر سکے۔ ان خیالات کا نتیجہ ہے کہ یہودی الاصل مارکس نے نظریۂ اشتراکیت کو ایک ٹھوس اور معین صورت میں پیش کیا۔ چنانچہ مارکس اور اس کے ہمخیال اینجل نے مینی فسٹو وضع کیا جس میں نظریۂ اشتراکیت کی بنا پر انسانی معاشرہ کی جدید تشکیل کے لئے آئین کی وضاحت کی گئی ہے۔

اشتراکیت کی رو سے کوئی فرد کسی دولت کا مالک نہیں ہے بلکہ تمام دولت سوسائٹی کی ملکیت ہے اس لئے کوئی شخص کسی ذریعہ پیداوار پر قابض نہیں ہو سکتا تمام ذرائع پیداوار ریاست کی تحویل میں ہونے چاہئیں اور ہر شخص کو اس کی ضروریات کے لئے سامان مہیا کرنا ریاست کا کام ہے۔

نظری طور پر تو یہ اصول بہت بھلا معلوم ہوتا ہے لیکن عملی لحاظ سے اس میں بڑی پیچیدگیاں ہیں۔ تاہم مزدور پیشہ عوام نے اس نظریہ کو خوش آمدید کہا۔ اور چند ہی سالوں کی کوشش سے یہ نظریہ جنگل کی آگ کی طرح تمام دنیا میں پھیل گیا۔ روس نے اس کا سب سے پہلے تجربہ کیا ہے اور اب روس ہی اشتراکیت کا گڑھ تصور ہوتا ہے۔ روس کے زیر اثر بعض مشرقی یورپ کی اقوام اور چین میں بھی اس نظریہ کو مقبولیت حاصل ہو گئی ہے۔ اس طرح دنیا دو حصوں میں تقسیم ہو گئی ہے۔

اشتراکیت نے جلد از جلد اپنے اصولوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے انسانوں کو دو جماعتوں میں تقسیم کیا ہے ایک متمول جماعت اور دوسری مزدوروں کی جماعت اور دونوں کو ایک دوسرے کا متحارب حریف بنا دیا ہے۔ اس جماعتی تنازعہ کی بنیاد ہیگل کے ایک نظریہ پر رکھی گئی ہے۔ اشتراکیت نے اپنا تمام دارومدار انسان کی مادی ضروریات پر رکھا ہے اور چونکہ روٹی سب سے بڑی ضرورت ہے اس لئے اس نے روٹی کے سوال کو اولیت دی ہے۔ اور یہاں تک کہہ دیا ہے کہ دنیا کی باہمی کشمکش کا واحد سبب روٹی کا سوال ہے۔ روحانیت اور اخلاق محض افیون ہے جو چالاک لوگ عوام کی محنت سے ناجائز انتفاع کے لئے استعمال کرتے آئے ہیں۔ اسی طرح اشتراکیت میں مذہب کا کوئی مقام نہیں۔ ظاہر ہے کہ اشتراکیت پرانی دنیا کے تمام ماحول کو بدلنے کے بغیر چل نہیں سکتی تھی اس لئے اس نے قوت کے استعمال کو جائز قرار دیا اور مزدوروں کو اکسا کر ہر ملک میں ساڑھ پھونک کی پالیسی پر عمل شروع کر دیا۔ اس طرح تمام دنیا اندرونی اور بیرونی بدامنی کا گھروندا بن گئی ہے۔ اگرچہ مغربی یورپ اور امریکہ نے اشتراکیت کو اختیار نہیں کیا مگر وہ اس سے متاثر ضرور ہوئے ہیں چنانچہ مزدوروں کی سٹرائکیں وغیرہ اکثر اشتراکیت کے اثر سے رونما ہوتی ہیں۔ اس صورت حال سے متاثر ہو کر ڈیموکریٹک ممالک نے بھی بعض اصلاحات کی طرف توجہ دی ہے اور ایسے قوانین وضع کئے ہیں جن سے مزدوروں اور محنت کشوں کو سامان زندگی کی سہولتیں حاصل ہو گئی ہیں۔

یہ تو خیر معاشرہ کے مسائل ہیں ان متضاد نظریات کا خطرناک ترین پہلو یہ ہے کہ آج ان کی وجہ سے دونوں بلاکوں میں ایسے تصادم کا خطرہ پیدا ہو گیا ہے جس سے دنیا چند منٹوں میں تباہ ہو سکتی ہے۔ سائنس کی ترقی کی وجہ سے دونوں طرف ایسے مہلک ہتھیاروں کی ایجادیں ہو رہی ہیں کہ جن کا مقصد اپنے حریف کو بالکل تباہ کر دینا ہے۔ تاہم اس میں ایک یہ روشن پہلو ہے کہ یہ لوگ اتنی بات سمجھ گئے ہیں کہ اگر آئندہ خدانخواستہ جنگ ہوئی تو فتح کسی کی نہیں ہو گی۔

اس خیال نے دونوں طرف کے سربرآوردہ لوگوں کو فکر میں ڈال دیا ہے اور ہمیں یقین ہے کہ وہ مخلصانہ طور پر چاہتے ہیں کہ کوئی ایسا نسخہ ہاتھ آجائے جس سے آئندہ جنگ کا امکان ختم ہو جائے۔ تاہم مشکل یہ ہے کہ دونوں فریق صرف انسانی دانشمندی پر ہی بھروسہ رکھتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ایسے طریقے معلوم ہو جائیں جن سے مہلک ہتھیاروں کو قابو میں رکھا جا سکے۔ مگر وہ ابھی تک اس واحد نسخہ کی طرف متوجہ ہوتے ہوئے معلوم نہیں ہوتے جس سے واقعی یہ مقصد حاصل ہو سکتا ہے۔ زیادہ افسوس یہ ہے کہ وہ اس نسخہ کو فی الحال بنظر حقارت دیکھتے ہیں۔ وہ نسخہ کیا ہے۔ وہ نسخہ مذہب ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ جب تک یہ لوگ مذہب کی طرف مراجعت نہیں کریں گے عالمگیر تباہی کا خطرہ بھی قابو میں نہیں آسکتا۔

(باقی)

اس ناؤ کا ناخدا خدا ہے

طوفان ہے تند اگر تو کیا ہے
اس ناؤ کا ناخدا خدا ہے

ہوتی ہے دلوں پہ پہلے قائم
اسلام کی سلطنت جدا ہے

ہم نے تو نہیں کیا ہے کچھ بھی
کردار تمہارا بول اٹھا ہے

کاٹے گا وہی جو جس نے بویا
اب فصل کا وقت آگیا ہے

کیوں داد نہ دیجئے کہ تنویر
بیداد بھی ان کی اک ادا ہے

میاں طفیل محمد قیم جماعت اسلامی کا بیان

محترم صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب

وزیر داخلہ خان حبیب اللہ خان صاحب کے نہایت پُر زور اور مدلل بیانات کے جواب میں مودودی صاحب کی جماعت نے جو وطیرہ اختیار کیا ہے اس سے وہ مثال یاد آجاتی ہے کہ "کھسیانی بلی کھمبا نوچے"۔ ویسے تو جماعت احمدیہ کے بعض معاندین کا ہمیشہ سے یہ مرغوب مشغلہ رہا ہے کہ ملک کے افراد اور عوام کو جماعت سے بددل اور بدظن کرنے کے لئے مختلف بے بنیاد الزامات لگاتے رہتے ہیں۔ لیکن مودودی صاحب کی جماعت کی موجودہ کوشش اس باب میں طرفہ تماشہ ہے۔

اگر واقعی میاں طفیل محمد صاحب کے بیان شائع شدہ نوائے وقت مورخہ ۱۱/۶۳/۱۹ کے مطابق مودودیوں کے خلاف "الزامات "ربوہ میں مرتب کئے گئے تھے"۔ اور یہ قصہ محض گھر بیٹھے ہی انہوں نے عوام کی توجہ پھیرنے کے لئے نہیں گھڑا تو بھی میں پوچھتا ہوں کہ اس سے الزامات کی نوعیت میں کیا فرق پڑتا ہے۔ ربوہ میں مرتب کئے گئے ہوں یا ملتان میں یا راولپنڈی میں۔ اگر الزامات درست ہیں جیسا کہ اب تک وزیر داخلہ عوام پر خوب اچھی طرح روشن کر چکے ہیں کہ بہرحال درست ہیں تو اس طرح کھمبا نوچنے سے تو کھویا ہوا وقار واپس نہیں آسکتا۔ مودودی جماعت کو چاہیئے کہ فرار کی کوئی معقول راہ تلاش کرنے کی کوشش کرے۔ آخر کب تک اپنے جرموں کی تلاش میں جماعت احمدیہ کو کفارے کی صلیب پر چڑھاتے رہیں گے۔ طفیل محمد صاحب کے اس مغالطہ آمیز بیان سے پہلے جو مورخہ ۱۵ نومبر کے نوائے وقت اور دیگر اخبارات میں شائع ہوا ہے۔ روزنامہ کوہستان بھی اپنی ۵ نومبر کی اشاعت میں اسی قسم کا شوشہ چھوڑ چکا ہے۔ چنانچہ اس اشاعت میں سید صدیق الحسن صاحب گیلانی ناظم شعبہ پارلیمانی امور (جماعت اسلامی) پاکستان کا بھی ایک بیان شائع ہو چکا ہے جس میں وہ فرماتے ہیں:۔

"وزیر داخلہ جن تراشوں اور مواد پر بھروسہ کر رہے ہیں وہ قادیانیوں اور احراریوں کا جمع کردہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۱۹۲۵ء میں الجہاد فی الاسلام لکھی گئی تھی۔ جس کے بعض حصوں پر آج مرزا طاہر احمد صاحب "مذہب کے نام پر خون" کے عنوان سے تنقید فرما رہے ہیں اور حکومت پاکستان کو یہ باور کرانے میں لگے ہوئے ہیں کہ یہ تمہارے ہی خلاف ہے میں خان حبیب اللہ خان سے درخواست کرتا ہوں کہ وہ خود جماعت کے لٹریچر کا مطالعہ کریں"۔

ان بیانات میں جو الزام تو خان حبیب اللہ خان وزیر داخلہ پر لگایا گیا ہے۔ اگر انہوں نے قابل التفات سمجھا تو اس کا جواب وہ خود دیں گے۔ لیکن سید صدیق الحسن صاحب گیلانی کے بیان سے متعلق میں ایک دو امور قارئین کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔

حیرت کی بات ہے کہ گیلانی صاحب (لم تقولون ما لا تفعلون) کے ارشاد خداوندی کو بھول کر خود اسی سانس میں اسی جرم کا ارتکاب کر رہے ہیں۔ جس سے بچنے کے لئے وزیر داخلہ کو نصیحت کی جا رہی ہے۔ اُن سے متعلق تو ان کو شکوہ ہے کہ انہوں نے مودودی جماعت کا لٹریچر پڑھے بغیر اس پر تنقید شروع کر دی ہے۔ لیکن خود جس کتاب "مذہب کے نام پر خون" پر تبصرہ فرمایا ہے ہرگز اس کا مطالعہ کرنے کی زحمت گوارا نہیں فرمائی۔

کوئی شخص جس نے سرسری نظر سے وہ کتاب پڑھی ہو بقائمی ہوش و حواس یہ نہیں لکھ سکتا کہ ۱۹۲۵ء میں الجہاد فی الاسلام لکھی گئی تھی۔ جس کے بعد آج مرزا طاہر احمد صاحب "مذہب کے نام پر خون" میں تنقید فرما رہے ہیں اور حکومت پاکستان کو باور کرانے میں لگے ہوئے ہیں کہ تمہارے ہی خلاف ہے"!

حقیقت اس کے برعکس یہ ہے کہ اول تو کتاب کا موضوع نہ مودودیت ہے۔ نہ یہ الجہاد فی الاسلام پر تبصرہ کے طور پر لکھی گئی تھی۔ بلکہ اس ساری کتاب میں الجہاد فی الاسلام کے صرف تین اقتباس درج ہیں

اقتباس اول الجہاد فی الاسلام کے صفحہ ۹۳ سے لیا گیا ہے۔ اور اس میں مودودی صاحب نے جزیہ سے متعلق اظہار خیال فرمایا ہے نہ تو کہیں اس اقتباس پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ حکومت پاکستان کے خلاف ہے۔ اور نہ ہی دنیا کا کوئی معقول انسان اس اقتباس سے یہ نتیجہ نکال سکتا ہے۔ مملکت پاکستان کا تو اس تعلق میں نہ آگے نہ پیچھے۔ دور و نزدیک کہیں نام بھی استعمال نہیں ہوا۔

دوسرا اقتباس الجہاد فی الاسلام کے صفحہ ۱۳۸ سے لیا گیا ہے۔ جو من و عن یہ ہے کہ:۔

"جس طرح یہ کہنا غلط ہے کہ اسلام تلوار کے زور سے لوگوں کو مسلمان بناتا ہے۔ اسی طرح یہ کہنا بھی غلط ہے کہ اسلام کی اشاعت میں تلوار کا کوئی حصہ نہیں"۔

ظاہر ہے کہ اس اقتباس سے بھی کسی طرح مودودی جماعت کا پاکستان کے خلاف ہونا ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ اور نہ ہی میں نے قطعاً ایسا کیا ہے۔ اگر گیلانی صاحب یہ کتاب خود پڑھتے تو انہیں معلوم ہو جاتا کہ مضمون زیر بحث کا اس امر سے دور کا بھی تعلق نہیں تھا کہ مودودی جماعت حکومت پاکستان کے خلاف ہے یا نہیں۔

تیسرا اقتباس جو دراصل اس کتاب کا مرکزی اقتباس ہے۔ الجہاد فی الاسلام کے صفحہ ۱۳۷ اور صفحہ ۱۳۸ سے اخذ کیا گیا ہے اور اگر کوئی نیم خوابیدہ انسان بھی اسے پڑھتا یا سنتا تو ہرگز یہ الزام نہیں لگا سکتا تھا کہ اس اقتباس کو "حکومت پاکستان کو یہ باور کرانے کے لئے استعمال کیا گیا ہے کہ "یہ تمہارے ہی خلاف ہے"

نعوذ باللہ من ذالک۔ میں ایسی فاش غلطی کا کیسے مرتکب ہو سکتا تھا جبکہ کوئی انسان بھی خواہ علم و فہم کے کسی مقام سے تعلق رکھتا ہو مسلم ہو یا غیر مسلم اسے پڑھ کر سوائے اس کے کوئی نتیجہ نہیں نکال سکتا کہ اس اقتباس میں تو پاکستان نہیں بلکہ خود پیغمبر اسلام حضرت محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے طریق تبلیغ کے خلاف ایک گھناؤنا الزام لگایا گیا ہے۔ اور سوائے اس کے اور کچھ درج نہیں کہ نعوذ باللہ من ذالک آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے دلائل معجزات اور قوت قدسیہ وغیرہ جب دلوں میں پاک تبدیلی پیدا کرنے میں ناکام رہے تو آپ کی تلوار نے یہ ناممکن کام سرانجام دیا چنانچہ وہ اصل اقتباس اس غرض سے تحریر کر رہا ہوں۔ تاکہ قارئین اسے پڑھ کر خود فیصلہ فرما سکیں۔

"لیکن جب وعظ و تلقین کی ناکامی کے بعد داعی اسلام نے ہاتھ میں تلوار لی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ تو دلوں سے رفتہ رفتہ بدی و شرارت کا زنگ چھوٹنے لگا۔ طبیعتوں سے فاسد مادے خود بخود نکل گئے روحوں کی کثافتیں دور ہو گئیں اور صرف یہی نہیں کہ آنکھوں سے پردہ ہٹ کر حق کا نور صاف عیاں ہو گیا۔ بلکہ گردنوں میں وہ سختی اور سروں میں وہ نخوت بھی باقی نہیں رہی جو ظہور حق کے بعد انسانوں کو اس کے آگے جھکنے سے باز رکھتی ہے۔ عرب کی طرح جو دوسرے ممالک نے بھی اسلام کو اس سرعت سے قبول کیا۔ ایک صدی کے اندر جو تہائی دنیا مسلمان ہو گئی۔ تو اس کی وجہ بھی یہی تھی کہ اسلام کی تلوار نے ان پردوں کو چاک کر دیا جو دلوں میں پڑے ہوئے تھے"!

اس اقتباس کو درج کر کے میں نے مذکورہ کتاب میں جو نتیجہ نکالا تھا۔ وہ بھی من و عن پیش کر رہا ہوں۔ کاش گیلانی صاحب نے ایک نظر اسے دیکھ لیا ہوتا۔ تو وہ کبھی یہ دور کی کوڑی نہ لاتے کہ اس میں حکومت پاکستان کو اکسایا گیا ہے کہ مودودی صاحب تمہارے خلاف ہیں۔ چنانچہ اس اقتباس پر میرے تبصرہ کے اصل الفاظ یہ ہیں۔

"انا للہ وانا الیہ راجعون یعنی وہ گستاخ اور سخت بیہمانہ الزام جو اسلام کے اشد ترین متعصب دشمنوں کی طرف سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پاک ذات پر لگایا جاتا تھا جسے یورپ کے یاوہ گو مستشرقین گزشتہ صدی تک عیسائی دنیا میں اچھالتے رہے اور اسلام سے دلوں کو متنفر کرتے رہے وہ آج خود ایک مسلمان "راہنما" کی طرف سے اس مقدس رسول کی پاک ذات پر لگایا جا رہا ہے جسے "مزاج شناس رسول" ہونے کا دعوےٰ ہے گو الفاظ کو میٹھا بنانے کی کوشش کی گئی ہے گو تلوار کی اس مزعومہ فتح کو

پر شوگت بنا کر دکھانے کی کوشش کی گئی ہے مگر گولی وہی کڑوی اور ناپاک اور زہریلی گولی ہے جو اسلام کے دشمنوں کی طرف سے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پر پھینکی جاتی تھی۔ یہ وہی پتھر ہے جو اس سے پہلے جارج سیل اور سمتھ اور ڈوزی نے آنحضرتؐ پر پھینکا تھا اور وہی الزام ہے جو مسٹر گاندھی نے آنحضور پر اس وقت لگایا تھا جب وہ اسلام کی تعلیم سے ابھی پوری طرح آشنا نہیں تھے"۔

پس یقیناً گیلانی صاحب نے کتاب "مذہب کے نام پر خون" کو ایک نظر بھی نہیں دیکھا اور محض سنی سنائی بات پر اعتبار کرکے یہ بے پر کی اڑا دی ہے بلکہ اگر میں گیلانی صاحب اور طفیل صاحب کے بیانات سے یہ نتیجہ بھی نکالوں تو قطعاً بے جا نہ ہوگا کہ انہوں نے

ہم تو ڈوبے ہیں صنم۔ تجھ کو بھی لے ڈوبیں گے

کی پالیسی پر عمل کرتے ہوئے خان حبیب اللہ خان وزیر داخلہ کو بدنام کرنے کی یہ گھٹیا راہ نکالی ہے کہ احمدیوں کے ساتھ ان کا تعلق ثابت کر دیا جائے پھر خواہ ان کے لگائے ہوئے الزامات درست بھی ثابت ہو جائیں عام الناس ان سے متنفر ہو جائیں گے کیونکہ مودودی صاحب اور ان کے بعض ہم نوا کرم فرماؤں نے احمدیت سے متعلق عوام میں ایسی بے بنیاد باتیں اڑا رکھی ہیں کہ کسی وزیر کو بدنام کرنے کے لئے بس یہی چال کافی ہے کہ اس کا احمدیت سے یا احمدیوں سے کوئی دور کا علاقہ ثابت کر دیا جائے۔ بقول غالبؔ وہی معاملہ ہے کہ

یہ فتنہ آدمی کی خانہ ویرانی کو کیا کم ہے
ہوئے تم دوست جس کے دشمن اُسکا آسماں کیوں ہو

اسی غرض سے طفیل صاحب نے محترم چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کا نام بھی اپنے بیان میں گھسیٹ لیا ہے جو شرارت کی ایک دو دھاری تلوار ہے۔ ایک طرف تو عوام کی نظر میں محترم وزیر خارجہ کے ٹھوس مدلّل بیانات کے وقار اور اثر کو کم کرنے کی کوشش اور دوسری طرف بلیک میل کے رنگ میں خان حبیب خان صاحب کو یہ ملبوس دھمکی کہ "باز آتے ہو یا کریں ہم تمہیں "مرزائی" مشہور؟" احرار سیاست کی یادگار انتقام کا یہی ایک گھٹیا سا ذریعہ ان کے پاس رہ گیا ہے۔ محترم وزیر داخلہ کا معاملہ تو انہی سے تعلق رکھتا ہے وہ جو چاہیں اقدام فرمائیں مگر جہاں تک جماعت احمدیہ کا تعلق ہے ہم اسکے سوا اور کیا کہہ سکتے ہیں کہ ؎

اب ہمارا کام ہے تری درگاہ میں یا رب پکارا

محترم صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب وکیل التبشیر کے دورۂ انڈونیشیا کی مختصر روئداد

مختلف جماعتوں کا دورہ۔ انڈونیشین احمدیوں کی طرف سے والہانہ محبت و اخلاص کا اظہار

متعدد مقامات پر اہم تقاریر۔ نوّے افراد کا قبولِ احمدیت

(مکرم سید کمال یُوسف صاحب بتوسط وکالت تبشیر۔ ربوہ)

— گزشتہ سے پیوستہ —

مختلف جماعتوں کا دورہ

یکم اگست کو ظہر و عصر کی نماز کے بعد تاسیک ملایا کے لئے روانہ ہوئے راستہ میں چھ بجے گاروت پہنچے۔ گاروت میں ہماری بڑی جماعت ہے یہاں پہنچنے سے پہلے ہی کاروں کا ایک قافلہ راستے میں میاں صاحب کی پیشوائی کے لئے موجود تھے ہمارے مبلغ مکرم مولوی عبدالواحد صاحب (جو قادیان سے بھی اکتساب فیض کر چکے ہیں اور نہایت مخلص ہیں) اور محمد یحییٰ صاحب جو گاروت کے پریذیڈنٹ ہیں کی معیت میں متعدد احباب نے استقبال کیا اور پھر سارہ قافلہ گاروت پہنچا مشن ہاؤس میں سب احباب جماعت موجود تھے۔ پھر آپ ایک بزرگ معمر عورت کے گھر ناشتہ کے لئے تشریف لے گئے۔ یہ معزز خاتون وہ ہیں جنہوں نے دو مکان سلسلہ کے لئے وقف کئے ہیں۔ وہاں سے دعا کے بعد میاں صاحب حسن جیری صاحب کے گھر قیام کے لئے تشریف لے گئے۔ جیری صاحب انڈونیشیا کے خاص کپڑے بالمنتاسہ کے تاجر ہیں انہوں نے ہمارے آرام کا ہر طرح خیال رکھا۔ فجزاھم اللہ احسن الجزا۔ مغرب اور عشاء کی نماز احمدیہ مسجد میں ادا کی گئی۔

گاروت سے روانہ ہو کر وانا سگرا کے قریب ایک جماعت تیجو وارنگن میں پہنچے وہاں کے پریذیڈنٹ ایکن صاحب جماعت کی معیت میں استقبال کے لئے موجود تھے۔ یہاں کی جماعت اور امیر بھی خدا کے فضل سے بہت مخلص اور احمدیت کے فدائی ہیں۔ ان پر بہت ابتلا آئے مگر وہ ثابت قدم رہے۔

مسجد کا افتتاح

وہاں سے قافلہ روانہ ہو کر ۱/۲ ۱۰ بجے سنگاپرنا پہنچے۔ وہاں کے پریذیڈنٹ محمود صاحب جماعت کے ساتھ استقبال کے لئے موجود تھے محمود صاحب نے سب سے پہلے مجلس عاملہ کا تعارف کروایا پھر باقی احباب سے فرداً فرداً ملاقات ہوئی۔ اس کے بعد جماعت کے صدر نے میاں صاحب کی خدمت میں ایڈریس پیش کیا جس میں محبت و اخلاص کا اظہار کرنے کے بعد یہ بتایا گیا تھا کہ آج جمعہ کا دن ہے اس لئے افتتاح مسجد کا یہ دن بہت مبارک ہے۔ نیز جماعت کی ازدیادِ ایمان اور حکومتِ انڈونیشیا کے لئے درخواست دعا کی گئی تھی۔

محترم میاں صاحب نے ایڈریس کے جواب میں فرمایا:-

جب آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم نے دعویٰ فرمایا تو آپ نے بھی ایک مسجد تعمیر کی اور اس کی بنیاد تقویٰ پر رکھی اس وقت لوگ ہنستے تھے کہ بھلا ان لوگوں نے دنیا میں کیا کر لینا ہے جن کی مسجد اتنی حقیر سی ہے مگر اسکی بنیاد تقویٰ پر تھی اسلئے وہی دنیوی لحاظ سے حقیر لوگ چند سالوں میں بڑی بڑی حکومتوں پر غالب آ گئے اور قیصر و کسریٰ کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔ اگر آپ بھی مسجد تقویٰ پر قائم کریں گے تو آپ کو بھی یہی قوتیں ملیں گی جو صحابہؓ کو ملیں۔ پس مسجد کو متقیوں سے آباد کریں۔ میں نے سپین کی عظیم الشان مساجد دیکھی ہیں مگر ان میں اب کوئی نمازی نہیں۔ پس اپنی مسجد کو تقویٰ اور طہارت سے آباد رکھو۔ پھر آپ نے 'مسجد محمود' کا افتتاح فرمایا اور اندر جا کر دعا فرمائی دعا کے بعد آپ نے دو نفل ادا کئے اور پھر تاسیک ملایا کے لئے روانگی ہوئی۔

اخوّت و محبت پیدا کرنیکی تلقین

۱/۲ ۱۲ بجے ٹھیک تاسیک ملایا کی مسجد میں مکرم صاحبزادہ صاحب نے خطبہ جمعہ دیا آپ نے تشہد اور سورہ فاتحہ کی تلاوت کے بعد واعتصموا بحبل اللہ جمیعًا ولا تفرقوا۔ واذکروا نعمت اللہ علیکم اذ کنتم اعداءً فالف بین قلوبکم فاصبحتم بنعمتہ اخوانا وکنتم علیٰ شفا حفرۃ من النار فانقذکم منھا کذلک یبین اللہ لکم ایتہ لعلکم تھتدون کی آیت تلاوت فرمائی اور فرمایا کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی بعثت اس امت کے لئے لکھوکھا نعمتوں کا باعث بنی۔ ایک بڑی نعمت مسلمانوں کے لئے اخوت اور محبت کا پیدا کرنا تھا جس کی مثال کسی اور نبی کی امت میں نہیں ملتی۔ کسی نبی کی قوم نے دینی اور دنیوی ترقی اتنی نہیں کی جتنی آنحضرتؐ کی امت نے کی اور اس کی بڑی وجہ آپس کی محبت اور اخوت تھی۔ افسوس ہے کہ مسلمانوں نے اس کو بھلا دیا۔ اب حضرت مسیح موعود علیہ السلام کی بعثت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی پیشگوئی کے مطابق ہوئی ہے۔ آپکی تعلیم کوئی نئی تعلیم نہیں اور قرآن مجید سے علیحدہ نہیں۔ آپ کو مسیح موعود قبول کرنے کی توفیق ملی مگر محض جماعت میں شامل ہونا کافی نہیں بلکہ آپ کی تعلیم پر عمل کرنا ضروری ہے۔ اس آیت میں اللہ تعالےٰ یہی فرماتا ہے کہ تم ایک ہاتھ اور اسی کو مضبوطی سے پکڑو اور خصوصیت سے اگر چھوٹی جماعتیں اتحاد اور محبت کا ہاتھ نہیں پکڑتیں تو ان کا تو کوئی چارہ نہیں۔ حضرت مسیح موعود علیہ السلام ہندوستان میں آئے مگر میں آج انڈونیشیا میں ہزاروں میل دور بیٹھا کوئی تنہائی محسوس نہیں کرتا اور ایسا محسوس ہوتا ہے کہ میں اپنے بھائیوں میں ہوں اور یہ محض حضور کی بدولت ہے۔ پس ہمیں جماعت کے اندر کسی فتنہ پرداز کی ہرگز پرواہ نہیں کرنی چاہیئے خواہ وہ کتنا بڑا یا کتنا حقیر شخص ہو۔ ہمیں شخصیت کو نہیں بلکہ جو بات پیش ہو اس کو دیکھنا چاہیئے

تعمیر مساجد ممالک بیرون کے صدقہ جاریہ میں حصہ لینے والے مخلصین!

ناموں کی اشاعت کے سلسلہ میں ایک معذرت

دفتر ہذا کی طرف سے اُن بھائیوں اور بہنوں کے ناموں کی اشاعت کا سلسلہ جاری ہے جو مساجد ممالک بیرون کیلئے کم از کم پانچ روپیہ عنایت فرماتے ہیں۔ اس معیار پر فہرست تیار کرنے کے نتیجہ میں ناموں کی اس قدر کثرت ہو جاتی ہے کہ بسا اوقات اخبار الفضل ان کی اشاعت کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ اندریں حالات جن احباب نے اکتوبر ۶۲ء تا جنوری ۶۳ء مذکورہ بالا صدقہ جاریہ میں حصہ لیا۔ ان کے اسماء کی اشاعت نہیں ہو سکی ـــ جس پر دفتر ہذا نہایت افسوس کے ساتھ متعلقہ بھائیوں اور بہنوں سے معذرت خواہ ہے ـــ جائزہ لینے پر معلوم ہوا ہے کہ اس عرصہ میں ۱۲۳۴ نام اشاعت سے رہ گئے ہیں۔ اور اگر آئندہ بھی اشاعت کا معیار پانچ روپیہ ہی رہنے دیا گیا تو سارے ناموں کی فہرست شائع کرنا امر محال ہی رہیگا لہذا احباب جماعت کی آگاہی کے لئے اعلان کیا جاتا ہے فہرست ہذا میں اور اسی طرح آئندہ فہرستوں میں بھی اشاعت کا اقل ترین معیار -/۱۰ روپیہ ہوگا۔ البتہ دفتر ہذا پوری پوری کوشش کرے گا۔ کہ ڈاک کے ذریعہ ہر چھوٹی سے چھوٹی رقم کی وصولی کی اطلاع بھی معطی حضرات کو پہنچا دی جائے جیسا کہ اب بھی دفتر ہذا کا دستور العمل ہے ـــ

ذیل میں ان مخلصین کے اسماء درج کئے جاتے ہیں جنہوں نے ماہِ اکتوبر ۶۲ء تا جنوری ۶۳ء کے عرصہ میں -/۱۰ روپیہ یا اس سے زائد روپیہ چندہ دے کر تعمیر مساجد ممالک بیرون میں حصہ لیا۔ جن ناموں کی اشاعت پہلے ہو چکی ہے وہ مستثنیٰ کر دیئے گئے ہیں۔ قارئین کرام سے ان سب کے لئے دعا کی درخواست ہے کہ جس طرح انہوں نے خدا تعالیٰ کے گھروں کو تیار کرنے کا جذبہ ظاہر فرمایا اسی طرح اللہ تعالیٰ ان کے گھروں کو بھی آباد اور مورد فضل و کرم رکھے۔

خاکسار:۔ وکیل المال اوّل تحریک جدید انجمن احمدیہ۔

ربوہ

حضرت مولوی غلام رسول صاحب راجیکی -/۵۰
حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب -/۲۰
محترمہ سعیدہ خانم صاحبہ بنت عبدالکریم صاحب نوشہروی محلہ دارالرحمت -/۱۰
دوکان داران گول بازار بذریعہ سردار عبدالحق صاحب شاکر واقف زندگی ۵۰/۶۰
مکرم ملک محمد شفیع صاحب نوشہروی دارالرحمت وسطی منجانب مرحوم اعزاز -/۱۲۰
کارکنان صدر انجمن احمدیہ ربوہ -/۷۱
مکرم بابو محمد بخش صاحب محلہ دارالنصر -/۱۰
مکرم انور شاہ صاحب ارشد -/۱۵
" میاں محمد عبداللہ صاحب فیکٹری ایریا -/۱۰
" چوہدری محمد رفیق صاحب ابن ڈاکٹر محمد رمضان صاحب دارالصدر غربی -/۱۱
دکانداران دارالرحمت وسطی بذریعہ مکرم چوہدری محمد ابراہیم صاحب رشید ۱۴/۵۷
عملہ نصرت آرٹ پریس بذریعہ مکرم ملک بشارت احمد صاحب ۱۴/-
مکرم مولانا ابوالعطاء صاحب جالندھری -/۱۵
محترمہ مہراں بی بی صاحبہ دارالرحمت غربی -/۱۰
مکرم خواجہ محمد شریف صاحب " وسطی -/۲۰
" مولوی محمد امین صاحب تاجر کتب معہ اہلیہ صاحبہ -/۱۰
" چوہدری فتح محمد صاحب انسپکٹر آبکاری دارالرحمت وسطی -/۴۰
محترمہ لطیفہ نزہت صاحبہ بنت مولوی غلام احمد صاحب بدوملہی -/۱۰
محترمہ خیر النساء بیگم صاحبہ بنت مولوی محمد تقی صاحب دارالصدر ۱۰
مکرم چوہدری شیر محمد صاحب دارالنصر ربوہ -/۲۶
کارکنان تحریک جدید انجمن احمدیہ بذریعہ سردار عبدالحق صاحب شاکر واقف زندگی ۸۱/۶۲
دکانداران گول بازار بذریعہ سردار عبدالحق صاحب شاکر ۱۲۵/۴۸
محترمہ منظور النساء بیگم صاحبہ لیکچرار جامعہ نصرت -/۱۰

مکرم کیپٹن محمد اسلم صاحب دارالصدر -/۱۲
مکرم امرائیکی صاحب دیوان بذریعہ دفتر وقف جدید -/۲۵
مکرم بشیر احمد صاحب جمیل ابن پروفیسر مولوی محمد الدین صاحب بی اے -/۲۵
محترمہ سیدہ خیر النساء صاحبہ پرنسپل جامعہ نصرت ۱۵/
محترمہ استانی میمونہ بیگم صاحبہ -/۲۰
مکرم الحاج مولوی نذیر احمد صاحب مبشر -/۲۰
محترمہ ناصرہ بیگم صاحبہ بنت مرزا عطاء الرحمن صاحب -/۴۰
" حمیدہ بیگم صاحبہ زوجہ پروفیسر صوفی بشارت الرحمن صاحب ایم اے -/۱۰۰
مکرم لطف الرحمن صاحب شاکر فضل عمر ہسپتال ۳۴/۱۷
مکرم میاں محمد شریف صاحب ریٹائرڈ ای اے سی دارالصدر غربی -/۱۰
محترمہ اہلیہ صاحبہ قاضی محمد رفیق صاحب بذریعہ دفتر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ -/۱۰
دکانداران گولبازار ربوہ بذریعہ سردار عبدالحق شاکر واقف زندگی۔ ۶۲/۵۹
حضرت مولوی محمد الدین صاحب ناظر تعلیم -/۲۸
مکرم ملک غلام نبی صاحب آف ڈسکہ گولبازار -/۲۵
مکرم دوست محمد صاحب دارالرحمت شرقی -/۱۲
مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب وڑائچ انسپکٹر تحریک جدید -/۱۰
محترمہ بیگم سید داؤد مظفر شاہ صاحب -/۴۸
محترمہ مس رشیدہ شریف صاحبہ جامعہ نصرت -/۱۵
محترمہ دختر ڈاکٹر عبدالسلام صاحب " -/۱۵
ڈاکٹر شیر محمد عالی صاحب دارالبرکات ۱۲/۵۰
جماعت احمدیہ دارالبرکات بذریعہ ڈاکٹر شیر محمد صاحب ۲۸/۵۰
مکرم کیپٹن محمد سعید صاحب دارالرحمت غربی -/۱۰
جماعت احمدیہ دارالرحمت غربی بذریعہ کیپٹن محمد سعید صاحب -/۳۰
صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد صاحب چیف میڈیکل آفیسر فضل عمر ہسپتال -/۲۰
اساتذہ کرام تعلیم الاسلام ہائی سکول بذریعہ ہیڈ ماسٹر صاحب ۱۰۵/۶۲

مکرم چوہدری محمد صدیق صاحب انچارج خلافت لائبریری -/۱۰
مکرم خواجہ مظفر احمد صاحب ابن خواجہ محمد شریف صاحب دارالرحمت -/۲۰
مکرم چوہدری خان محمد صاحب گوندل جنرل سٹور گولبازار ۱۵/
محترمہ رسول بی بی صاحبہ زوجہ " " ۲۷/۵۰
محترم پیر معین الدین صاحب ایم اے -/۱۰
محترمہ بیگم صاحبہ " " -/۲۰
دکانداران گول بازار ربوہ بذریعہ سردار عبدالحق صاحب شاکر واقف زندگی ۶۱/۵۹
میاں نور الدین صاحب خوشنویس دارالرحمت غربی -/۱۰
مکرم بابو محمد بخش صاحب کارکن الشرکتہ الاسلامیہ گولبازار -/۵۰
محترمہ مسز قدیر ارشاد صاحبہ ہیڈ مسٹرس فضل عمر جونیئر ماڈل سکول -/۱۰
مکرم حنیف احمد صاحب ٹیچر تعلیم الاسلام ہائی سکول از والدہ صاحبہ مرحومہ ۷۵
جماعت احمد دارالنصر بذریعہ مکرم ظفر احمد صاحب وینس پروفیسر -/۳۰
صاحبزادہ مرزا رفیع احمد صاحب صدر مجلس خدام الاحمدیہ ۱۲/۳۷
صاحبزادہ مرزا نعیم احمد صاحب افسر امانت تحریک جدید -/۱۵
مکرم شیخ ضیاء الحق ابن شیخ نور الحق صاحب دارالبرکات ۲۴/۴
مکرم سراج الدین صاحب فاروقی دارالرحمت وسطی ۱۰/۲۵
دکانداران گول بازار بذریعہ سردار عبدالحق صاحب شاکر واقف زندگی ۳۷/۷۲
مخلص احباب جو اپنا نام ظاہر کرنا نہیں چاہتے بذریعہ مکرم مختار احمد صاحب ہاشمی ۱۰۰۰
مکرم نصیر احمد صاحب ابن مکرم الحاج مولوی نذیر احمد صاحب مبشر -/۱۰
مکرم ماسٹر عبدالرحمن صاحب بنگالی ٹیچر ہائی سکول -/۱۰
مکرم مولوی ابوالمنیر نور الحق صاحب پروفیسر جامعہ احمدیہ -/۱۰
مکرم میاں محمد عبداللہ صاحب جلد ساز دارالصدر جنوبی -/۱۰
مکرم مولوی عبداللطیف صاحب بہاولپوری معہ اہلیہ صاحبہ دارالرحمت غربی ۵۶/-

دکانداران گول بازار بذریعہ سردار عبدالحق صاحب شاکر واقفِ زندگی۔ ۶۷/۵۸
کارکنان دفتر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ بذریعہ دفتر لجنہ اماء اللہ -/۲۵
مکرم جمعدار محمد یوسف صاحب۔ تعلیم الاسلام کالج از دادی صاحبہ مرحومہ -/۱۰
دکانداران دارالرحمت وسطی بذریعہ چوہدری محمد ابراہیم صاحب رشید ۱۹/۸۵
جماعت احمدیہ دارالرحمت شرقی بذریعہ مکرم عبدالستار صاحب ۴۴
محترمہ اہلیہ صاحبہ صوفی محمد ابراہیم صاحب سابق ہیڈ ماسٹر تعلیم الاسلام ہائی سکول -/۵۰
مکرم راجہ کریم احمد صاحب دارالبرکات -/۱۰
محترم پیر معین صاحب ایم اے دارالصدر شرقی -/۲۰
محترمہ بیگم صاحبہ " " " -/۹۰
مکرم صوفی محمد رمضان صاحب نظارت علیا -/۱۰
دکانداران غلہ منڈی بذریعہ مولوی حسن دین صاحب ۲۳/۷۱
بچگان محترم خلیفہ صلاح الدین صاحب مرحوم -/۱۰
محترمہ نعیمہ بیگم صاحبہ ایم اے بنت حضرت ڈاکٹر حشمت اللہ خان صاحب -/۱۵
جماعت احمدیہ محلہ دارالصدر ج بذریعہ شیخ عطاء اللہ صاحب -/۳۵
جماعت احمدیہ دارالصدر شرقی بذریعہ چوہدری مسعود احمد صاحب -/۱۰
جماعت احمدیہ دارالرحمت شرقی بذریعہ عبدالستار صاحب -/۱۳
عملہ کارکنان فضل عمر ہسپتال -/۱۰
" " نصرت گرلز ہائی سکول -/۱۵
" " جامعہ احمدیہ -/۱۰
" حفاظت خاص بذریعہ صوبیدار عبدالم[illegible] صاحب دہلوی ۱۴

جھنگ شہر و ضلع

مکرم چوہدری محمد عبدالعزیز صاحب ایم اے ۲۵/-
" شیخ محمد عمر بشیر احمد صاحب چنیوٹ ۱۰/-
" " محمد حسین صاحب دوھاول چنیوٹ ۵۰/-
" مولوی عبدالمنان خانصاحب چک ۹۷ ج ب ۱۰/-
" میاں عبدالرحمن صاحب گھڑی ساز مگھیانہ ۱۷/-
" میر محمد حیات صاحب ڈاور " ۱۰/-
" علی محمد خاں صاحب چک ۹۷ " ۱۱/-
" سید عبداللطیف صاحب برادر سید منظور حسین صاحب ۱۰۰/-
" جناب منور حسین صاحب ضلعدار شورکوٹ روڈ ۲۹/-
" شیخ محمد شفیع صاحب نگول چنیوٹ ۵۰/-
جماعت احمدیہ جھنگ مگھیانہ بذریعہ علی محمد صاحب ۲۲/۵۰
مکرم ڈاکٹر محمد بخش صاحب از والدہ مرحومہ جھنگ صدر ۱۰/-
جماعت احمدیہ کا ٹھانا بذریعہ ملک محمد شفیع صاحب ۴۰/-

لاہور شہر و ضلع

مکرم شیخ لطف الرحمن صاحب دھرم پورہ ۲۲/-
مکرمہ طیبہ شاہنواز صاحبہ " ۱۵/-
جماعت احمدیہ دھرم پورہ بذریعہ مکرم شیخ
لطف الرحمن صاحب ۱۰/-
مکرم ملک محمود احمد صاحب انجینئر سلطان پورہ ۲۵/-
جماعت احمدیہ دہلی گیٹ بذریعہ ماسٹر ابراہیم صاحب صدر ۴/۷۵
محترمہ غلام فاطمہ صاحبہ لان انارکلی ۱۰/-
جماعت احمدیہ قصور بذریعہ مکرم محمد عثمان صاحب ۱۲/۱۴
محترمہ حمیدہ و کبریٰ بیگم صاحبہ لاہور ۱۰۰/-
" نسیم اختر صاحبہ بنت چوہدری عبدالحق صاحب
مصری شاہ لاہور ۱۰/-
جماعت احمدیہ وحدت کالونی لاہور بذریعہ دانا
عبدالکریم صاحب ۴۶/-
مکرم بشیر احمد صاحب اسلامیہ پارک ۱۹/-
فضل ٹرانسپورٹ پتوکی بذریعہ چوہدری
غلام رسول صاحب ۵۴/-
مکرم مرزا محمد سعید صاحب کوآپریٹو افریقن ۱۰/-
" بشیر احمد صاحب ایس۔ ایم۔ پریم نگر ۲۵/-
جماعت احمدیہ چاہکسواراں بذریعہ عبدالرشید صاحب ۲۷/-
مکرم شیخ قدرت اللہ صاحب ریلوے کالونی ۵/۷۵
جماعت احمدیہ قصور بذریعہ خواجہ محمد عثمان صاحب ۵۸/۳۲
مکرم چوہدری عبدالحمید خانصاحب وکیل کوٹ مراد خان قصور ۱۰/-
" شیخ محمد امین صاحب قصور ۱۰/-
" قریشی عبدالغنی صاحب مزنگ لاہور ۲۵/-
" میاں غلام حسین صاحب دہلی دروازہ ۱۰/-
" چوہدری عبدالحق صاحب مصر عزیزہ طاہر محمود ابن ۴۰
" ظفر اللہ خانصاحب نسیم دہلی دروازہ ۳۹/-
" میاں عبدالحمید صاحب " " ۱۰/-
" شیخ عبدالحمید صاحب " " ۵۰/-
" میاں محمد اسلم صاحب ابن معراج دین صاحب ۵/۴۵
" شیخ عبدالرشید صاحب بلانلپوری ۲۰/-
حلقہ سول لائن بذریعہ چوہدری نور احمد صاحب ۸۱/-
" شیخ رشید احمد صاحب انارکلی ۵۰/-
" محمد عیسیٰ صاحب راجہ جنگ ۱۰/۲۵

ایک مخلص بہن جو نام نہیں ظاہر کرنا چاہتی لاہور ۴۰/-
مکرم محمد منیر احمد صاحب وحدت کالونی لاہور ۱۰/-
" چوہدری انور علی صاحب " " " ۲۰/-
" عبدالماجد صاحب " " " ۲۵/-
" منصور احمد صاحب " " " ۱۵/-
" چوہدری محمد عبداللہ صاحب اسلامیہ پارک ۲۵/-
" " محمد فاضل صاحب " " ۲۵/-
محترمہ بشریٰ خورشید صاحب " " ۱۴/-
" امۃ الحفیظ بیگم عبدالستار صاحب " " ۱۰/-
مکرم رفیق احمد صاحب انبالوی دھرم پورہ ۲۲/-
جماعت احمدیہ دھرم پورہ بذریعہ مکرم لطف الرحمن صاحب ۱۲/-
مکرم خان عبدالرحمن خانصاحب ماڈل ٹاؤن لاہور ۱۰/-
مکرم ایم ایس خالد صاحب گڑھی شاہو " ۱۰/-
" شیخ لطیف احمد صاحب " " ۲۵/-
محترمہ مبارک بیگم صاحبہ زوجہ محمد اسحاق صاحب " ۱۰/-
احباب جماعت گڑھی شاہو لاہور بذریعہ ایم ایس خالد ۲۳/-
مکرم قریشی عبدالرشید صاحب مزنگ لاہور ۱۶/-
" شیخ احمد لطف صاحب " " ۱۹/-
مکرم سعید محمد خاں محمد نگر لاہور ۵۰/-
محترمہ رشیدہ وحید سلیم صاحبہ نیلہ گنبد " ۲۰/-
میاں محمد اکبر علی صاحب نابھہ روڈ پرانی انارکلی ۱۰/-
جماعت احمدیہ اسلامیہ پارک لاہور بذریعہ
عبدالستار صاحب ۴۱/-
جماعت احمدیہ دہلی دروازہ بذریعہ محمد انور صاحب ۸۲/۷۵
مکرم میاں سلیم اختر صاحب سلطان پورہ ۱۳/-
" محمد لطیف صاحب سمن آباد لاہور ۱۰/-
جماعت احمدیہ لاہور چھاؤنی بذریعہ مکرم
محمود حسین صاحب ۲۱/-
مکرم چوہدری محمد حنیف صاحب چوبرجی کوارٹرز ۱۰/-
جماعت احمدیہ حلقہ سول لائن بذریعہ مکرم
چوہدری نور احمد صاحب ۲۰/-
محترمہ مسز صفیہ صاحبہ زوجہ پروفیسر ظہور احمد شاہ لاہور ۱۵۰/-
" مس نصیرہ صاحبہ بنت " " " ۱۵۰/-
جماعت احمدیہ دہلی گیٹ بذریعہ ماسٹر محمد ابراہیم ۴/۴۵
مکرم میجر غلام محمد صاحب کھوکھر دھرم پورہ (والدین) ۱۵۰/-
جماعت احمدیہ نیلہ گنبد لاہور بذریعہ مکرم
میاں محمد یحییٰ صاحب ۴۵
مکرم عبدالمنان صاحبہ ڈپو ہولڈر اچھرہ ۱۰/-
جماعت احمدیہ گنج مغل پورہ لاہور بذریعہ
مکرم غلام محمد صاحب ۴۰/۲۵
محترمہ بشریٰ بیگم صاحبہ ایم اے بنت ایم این خان ۱۰۰/-
شیخ محمد انور صاحب موہن وال ۱۱/-
جماعت احمدیہ حلقہ سلطان پورہ لاہور بذریعہ
سلطان علی صاحب ۴۱/۷۵
جماعت احمدیہ حلقہ سول لائن لاہور بذریعہ
چوہدری نور احمد خانصاحب ۲۴/-
جماعت احمدیہ حلقہ دہلی دروازہ بذریعہ
مکرم محمد انور صاحب ۵۳/۵۰
مکرم کیپٹن عبدالواحد صاحب سمن آباد ۱۵۰
" محمد سعید خاں صاحب محمد نگر لاہور ۵۰/-
" سردار محمد صاحب سنوری جامن روڈ لاہور ۵۰/-

مکرم ایم عبدالقادر صاحب وحدت کالونی لاہور ۱۲/-
" شیخ قدرت صاحب ریلوے کالونی " ۲۵/-
جماعت احمدیہ نیلہ گنبد لاہور بذریعہ مکرم
میاں محمد یحییٰ صاحب ۳۴/-
جماعت احمدیہ رام گڑھ لاہور بذریعہ مکرم
عبدالوہاب صاحب ۷۰/-
مکرم چوہدری عبدالرحمن صاحب بی اے ہائی پارک ۱۰/-
جماعت احمدیہ دہلی گیٹ لاہور بذریعہ ماسٹر
محمد ابراہیم صاحب ۴۱/۲۵
جماعت احمدیہ حلقہ سول لائن بذریعہ مکرم
چوہدری نور احمد خانصاحب ۱۴/-
جماعت احمدیہ قصور بذریعہ مکرم خواجہ
محمد عثمان صاحب ۱۱۱/۳۲
لجنہ اماء اللہ راج گڑھ لاہور بذریعہ مکرمہ
بلقیس بیگم صاحبہ صدر لجنہ ۷۰/-
مکرم صلاح الدین احمد صاحب سلطان پورہ ۱۰/-
مکرم چوہدری احسان اللہ صاحب سیال محمد پورہ ۱۰۰/-
محترمہ اظہار الحسن صاحبہ بیوہ اظہار الحسن
صاحب بادامی باغ لاہور ۲۵/-
محترمہ عفت پروین صاحبہ ماڈل ٹاؤن لاہور
بذریعہ مکرم میاں محمد یوسف خانصاحب ۱۰۰/-
محترمہ مسز ثریا رشید احمد بنت مکرم ڈاکٹر
عبدالرحمن صاحب سمن آباد لاہور ۱۰/-
مکرم مرزا محمد احمد صاحب بذریعہ ایسٹرن
افریقن کمپنی لاہور ۲۵/-
جماعت احمدیہ نیلا گنبد بذریعہ مکرم میاں
محمد یحییٰ صاحب ۷۳/-
جماعت احمدیہ دہلی گیٹ لاہور بذریعہ مکرم
ماسٹر محمد ابراہیم صاحب ۳۵/۲۵
مکرم محمد سعید خانصاحب محمد نگر ۵۰/-
" ممتاز علی صاحب گڑھے لاہور ۱۰/-
مکرم صوفی محمد فضل الٰہی صاحب مرحوم بذریعہ
ناصر احمد صاحب دہلی دروازہ ۱۲۵/-
جماعت احمدیہ سلطان پورہ بذریعہ چوہدری
سلطان احمد صاحب ۶۴/-
فضل ٹرانسپورٹ کمپنی پتوکی بذریعہ مکرم
چوہدری غلام رسول صاحب ۵۹/۵۰
محترمہ والدہ صاحبہ مکرم ایم ایس خالد
صاحب دارالذکر لاہور ۵۰/-
محترمہ مبارکہ بیگم صاحبہ اہلیہ میر محمد اسحاق صاحب ۵۰/-
فضل ٹرانسپورٹ کمپنی پتوکی بذریعہ مکرم غلام رسول ۵۱/-
مکرم شیخ باغ علی صاحب بذریعہ مکرم منظور احمد ۱۲/-
جماعت احمدیہ سلطان پورہ لاہور بذریعہ چوہدری
محمد شریف صاحب ۳۳/-
جماعت احمدیہ نیلا گنبد لاہور بذریعہ
مکرم میاں محمد یحییٰ صاحب ۳۴/۸۱
مکرم ملک بشیر احمد صاحب و نسیم فرحت صاحب
آف نوشہرہ ککے زئیاں لاہور ۱۵۰/-
جماعت احمدیہ دہلی لاہور بذریعہ مکرم محمد ابراہیم
صاحب صدر ۴۲/۷۸
فضل ٹرانسپورٹ کمپنی پتوکی بذریعہ مکرم غلام رسول صاحب
۱۲۸/۳۰

لجنہ اماء اللہ ککاس بذریعہ دفتر لجنہ اماء اللہ مرکزیہ ۱۰/-

سیالکوٹ شہر و ضلع

جماعت احمدیہ سمبڑیال بذریعہ مکرم سراج دین صاحب ۱۹/-
" " بھڑوہ " چوہدری محمد سلیم صاحب ۱۰/-
" " ڈسکہ " بشیر احمد صاحب ۱۲/-
مکرم مولوی بشیر احمد صاحب زاہد گھٹیالیاں ۱۲/۵۰
" ڈاکٹر محمد عبداللہ صاحب قلعہ صوبہ سنگھ ۳۰/-
جماعت احمدیہ سیالکوٹ بذریعہ مکرم میاں
محمد احمد صاحب قمر سنوری ۲۹/۵۰
جماعت احمدیہ کورووال بذریعہ مکرم غلام محمد صاحب ظہور ۲۲/-
" سیالکوٹ مکرم محمد احمد صاحب قمر ۱۲/-
مکرم محمد صادق صاحب ابن مکرم عمر الدین صاحب زرگر سیالکوٹ ۱۵/-
" میاں چراغ الدین صاحب قلعہ صوبہ سنگھ ۱۰/-
محترمہ حمیدہ بیگم صاحبہ سیالکوٹ منجانب والد مرحوم ۲۰/-
" نعیمہ اختر کوٹ کرم بخش ۱۰/-
" رضیہ اختر و رابعہ بی بی صاحبہ کوٹ کرم بخش ۱۰/-
" رسول بی بی صاحبہ و حمیدہ بیگم صاحبہ " ۱۰/-
" کریم بی بی صاحبہ ملیانوالہ ۳۵/-
مکرم ملک سراج دین صاحب سمبڑیال ۲۰/-
" مبارک احمد صاحب اسلامیہ کالج سیالکوٹ ۱۰۰/-
" محمد حفیظ صاحب " ۱۵/-
" محمد اشفاق صاحب گوندل " ۱۱/-
مکرمہ محمودہ بیگم صاحبہ اہلیہ قریشی محمد سلیم " ۱۰/-
مکرم ملک سراج دین صاحب سمبڑیال ۱۰/-
جماعت احمدیہ بدوملہی بذریعہ غلام مصطفیٰ صاحب ۱۴/۳۶
مکرم ظہور اختر صاحب قلعہ صوبہ سنگھ ۱۰/-
" سراج الدین صاحب بھیگووال ۱۰/-
محترمہ امۃ الرحمن صاحبہ اہلیہ مولوی محمد عبداللہ
صاحب بدوملہی خورد ۱۰/-
" " " از والد صاحب ۱۰/-
جماعت احمدیہ گھٹیالیاں بذریعہ مکرم
رحمت علی صاحب ۱۰/-
محترمہ آمنہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم شمس الدین صاحب ۱۰۰/-
مکرم ماسٹر لال الدین صاحب سیالکوٹ ۱۰/-
" غلام احمد صاحب و مہر الدین صاحب " ۱۰/-
مکرم ملک فیروز الدین صاحب ساہووالا ۵۰/-
محترمہ سیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ " " ۵۰/-
جماعت احمدیہ سیالکوٹ شہر بذریعہ مکرم
محمد احمد صاحب قمر سنوری ۲۴/۴۴
مکرم چوہدری احمد الدین صاحب پسرور ۳۱/-
ملک محمد یوسف صاحب گڑھ والا احاطہ چھاؤنی سیالکوٹ ۱۰/-
مولوی بشارت علی صاحب بہلولپور ۲۰/-
جماعت احمدیہ گھنوکے ججہ بذریعہ مکرم خورشید احمد ۱۱/-
مکرم محمد یوسف صاحب مالوکے بھگت ۱۰/-
جماعت احمدیہ پسرور بذریعہ احمد دین صاحب ۱۰/-

شیخوپورہ شہر و ضلع

مکرم چوہدری عطاء نبی صاحب ڈھامکی ۲۱/-
جماعت احمدیہ خانقاہ ڈوگراں بذریعہ محمد طفیل صاحب ۱۰/-
جماعت احمدیہ سانگلہ ہل بذریعہ سمیع اللہ صاحب ۲۱/۲۵

محترمہ مقصودہ اظہر صاحبہ کرتو ۱۵/-
مکرم حاجی رحمت علی صاحب کرتو ۱۰/-
محترمہ حسن بی بی صاحبہ و مبارکہ بیگم صاحبہ مریدکے ۱۰/-
محترمہ نصرت محمودہ صاحبہ زوجہ عبدالحمید صاحب
D.S.P شیخوپورہ ۱۰۰/-
مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب ابن مکرم محمد انور حسین
صاحب شیخوپورہ ۵۰/-
محترمہ عنایت بی بی صاحبہ سانگلہ ہل ۲۰/-
ملک سمیع اللہ صاحب پسر حکیم مرغوب اللہ صاحب ۱۰/-
مکرم محمد ابراہیم صاحب منڈی چوہڑکانہ ۳۰/-
محترمہ حمیدہ بیگم صاحبہ زوجہ ماسٹر غفور احمد صاحب
چک ۴۵ ۴۶/۲۵
جماعت احمدیہ آنبہ کرم پورہ بذریعہ مکرم
سید لال شاہ صاحب ۱۰۶/-
مکرم غلام نبی صاحب چک ۱۸ بھوڑ ۲۰/۵۰
〃 منشی عبدالواحد صاحب نانوڈوگر ۱۲/-
〃 مشتاق احمد صاحب شیروکے ۱۰/-
〃 ڈاکٹر عمر الدین صاحب ایم۔بی۔بی۔ایس شیخوپورہ ۴۰/-
لجنہ اماء اللہ نارنگ منڈی ۱۱/-
جماعت احمدیہ جھبیوراں بھکی آنہ بذریعہ احمد علی صاحب ۱۰/-

گوجرانوالہ شہر و ضلع

جماعت احمدیہ گوجرانوالہ بذریعہ ملک محمد اکرم صاحب ۹۹/-
〃 〃 گرمولاں ورکاں بذریعہ نذیر احمد صاحب ۱۴/-
مکرم میاں محمد عالم صاحب اکال گڑھ ۱۶/-
محترمہ زبیدہ صاحبہ بنت مکرم غلام نبی
صاحب قیام پور ۱۰/-
مکرم منیر احمد صاحب معہ برادر مرحوم گرمولاں ورکاں ۱۵/-
〃 ڈاکٹر حبیب اللہ صاحب گکھڑ منڈی ۱۰/-
جماعت احمدیہ گکھڑ منڈی بذریعہ ڈاکٹر حبیب اللہ صاحب ۱۰/-
مکرم میاں محمد صدیق صاحب گوجرانوالہ شہر ۲۰/-
جماعت احمدیہ گوجرانوالہ بذریعہ ملک محمد اکرم صاحب ۱۹۰/-
محترمہ والدہ صاحبہ محمد شریف صاحب موہن کے ۲۵/-
مکرم خالد صاحب 〃 〃 ۲۵/-
جماعت احمدیہ موہن کے بذریعہ مکرم سردار خاں صاحب ۱۱۵/۴
مکرم محمد یعقوب صاحب گوجرانوالہ ۲۵/-
〃 بشیر احمد صاحب گرمولا ورکاں ۱۳/۵۰
〃 رشید احمد 〃 ۱۰/-
مکرم ماسٹر عنایت اللہ صاحب وزیر آباد ۱۵۰/-
جماعت احمدیہ تہ گڑی بذریعہ مبارک احمد صاحب ۱۷/-
جماعت احمدیہ گوجرانوالہ شہر بذریعہ مکرم ملک
محمد اکرم صاحب ۳۹۵/۵۰
محترمہ بشریٰ بیگم صاحبہ بھا کا بھٹیاں ۱۰/-

گجرات شہر و ضلع

جماعت احمدیہ گجرات بذریعہ مکرم چوہدری
محمد رمضان صاحب ۶۹/-
جماعت احمدیہ منڈی بہاؤالدین بذریعہ
مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب ۲۱/-
محترمہ نسیم اختر صاحبہ بنت مکرم شیخ
منور حسین صاحب منڈی بہاؤالدین ۲۰/-
جماعت احمدیہ چک سکندر بذریعہ مکرم گلن محمد صاحب ۵۸/۲۸
مکرم سمی محمد صاحب مرالہ ۲۰/-
محمد شریف و محمد صالح صاحب مرالہ ۱۰/-
جماعت احمدیہ فتح پور بذریعہ میاں محمد فاضل صاحب ۱۰/-
جماعت احمدیہ کھاریاں بذریعہ مکرم عبداللہ
خاں صاحب ۱۰/-
